Music By Hemant Kumar

فلمستان کی پیشکش

درگیش نندنی

दुर्गेश नंदिनी

ستارے

بینا رائے ۔ نلنی جیونت ۔ پردیپ کمار

[illegible] ۱۹۵۶

قیمت ۱ر

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دھلی

گانا
گانا نمبر ۱

ذر گیش نندنی کے

بملا:۔ چندن کی نیا پے ہو کے سوار گوری
کر کے سنگار، دیکھو چلی اُس بار، دیکھو چلی اُس پار

کورس:۔ چندن کی نیا پے ہو کے سوار گوری
کر کے سنگار، دیکھو چلی اُس بار۔ دیکھو چلی اُس پار
چندن کی نیا پے....

بملا:۔ دل میں اُمنگ لئے، انکھیوں میں رنگ لئے
نینا جھکائے چلی ہے کہاں

کورس:۔ او۔ او۔ او....

بملا:۔ ہاتھوں میں ہار لئے، نینوں میں پیار لئے
گوری کے ساجن کھڑے ہیں جہاں

کورس:۔ گوری کے ساجن....

بملا:۔ اپنے بلموا کی سُن کے پُکار
گوری کر کے سنگار، دیکھو چلی اُس بار

کورس:۔ چندن کی نیا پے ہو کے سوار، گوری کر کے سنگار
دیکھو چلی اُس بار۔ دیکھو چلی اُس پار۔ چندن کی نیا پے...

بملا:۔ سپنوں میں کھوئی کھوئی۔ دن کو بھی سوئی سوئی
راز دل کا بتائے سکھی

کورس:۔ او۔ ہو۔ او۔ او

بملا: ۔ جیا مجبور ہوا ۔ کچھ تو ضرور ہوا
کاہے کو ہم سے چھپائے سکھی

کورس: ۔ کاہے کو ہم سے چھپائے سکھی

بملا: ۔ نینا ضرور کہیں ہو گئے چار
گوری کر کے سنگار چلی اُس پار ۔ چلی اُس پار

کورس: ۔ چندن کی نیا پہ ہو کے سوار ۔ گوری کر کے سنگار
دیکھو چلی اُس پار ۔ دیکھو چلی اُس پار ۔ چندن کی نیا ..

بملا: ۔ دُور نگریا کا ، حال پیا جی کا
رہ رہ کے شور مچائے جیا
کھیل نرالا کھیلا ، دِل میں لگایا میلا
سمجھ ناپائے اب گوری یہ کیا کیا
سکھی سہیلی میں کیسی ہو گئی ہار
گوری کر کے سنگار ، دیکھو چلی اُس پار

کورس: ۔ چندن کی نیا پہ ہو کے سوار ، گوری کر کے سنگار
دیکھو چلی اُس پار ۔ دیکھو چلی اُس پار ۔ چندن کی نیا ...

جگت: ۔ چندن کی نیا پہ ہو کے سوار ، گوری کر کے سنگار
دیکھو چلی اُس پار ۔ دیکھو چلی اُس پار

گانا نمبر ۵ :- کورس: ۔ آ ۔ آ

تلوتما: ۔ کہاں لے چلے ہو بتا دو مسافر
ستاروں سے آگے یہ کیسا جہاں ہے
خیالوں کی منزل یہ خوابوں کی محفل
سمجھ میں نہ آئے یہ دُنیا کہاں ہے

کہاں رہ گئے قافلے بادلوں کے

کورس :۔ آ - آ ....

تلوتما :۔ زمیں چھپ گئی ہے تلے بادلوں کے
ہے مجھ کو یقیں کہ ہے جنت یہیں
یہ عجب سی فضا ہے عجب یہ سماں ہے - کہاں لے چلے ہو...

کورس :۔ آ - آ ....

تلوتما :۔ نظر کی دعا کا جواب آ رہا ہے

کورس :۔ آ - آ ....

تلوتما :۔ میری آرزو پہ شباب آ رہا ہے
یہ خاموشیاں بھی ہیں اک داستاں
کوئی کہتا ہے مجھ سے محبت جواں ہے - کہاں لے چلے...

کورس :۔ آ - آ ....

تلوتما :۔ جنہیں دیکھ کر کھو گئی ہیں نگاہیں
یہ بہکی ہوا - لائی کیسا نشہ
نہ رہا ہوش تنہا، میرا دل کہاں ہے
کہاں لے چلے ہو تبادو مسافر - نظاروں سے آگے...
خیالوں کی منزل، یہ خوابوں کی محفل - سمجھ میں نہ آئے...

کورس :۔ او - او ....

گانا نمبر ۳ :۔ مت مار دشیام پچکاری
موری بھیگی چنریا ساری - رے
مت مار و....

نازک تن میرا، رنگ نہ ڈارو سنیا ما
انگ انگ مورا پھڑکے
رنگ پڑے جیورے گورے بدن پر روپ کی جوالا بھڑکے
کیت جاؤں میں لاج کی ماری — رے
مت مارو......
کاکروں میں کانہا رے بیری مورا رنگ پڑے کھل جائے
دیکھے یہ جگ موہے ترچھی نظر سے
مورا جیا گھبرائے۔ کیت جاؤں میں لاج کی ماری۔ رے
مت مارو......
کورس لڑکیاں:۔ پیار کے رنگ میں تیاں موری رنگ دے چنریا
کورس لڑکے:۔ کھیل نہ دل کی ہولی۔ تیری بالی عمریا
تلوتما:۔ پیار کے رنگ میں بیاں موری رنگ دے چنریا
نیلا ہو نہ لال، کبھی نہ پیلا نہ کالا ہو
کورس:۔
او...... او......
تلوتما:۔ ایسا ہو وہ رنگ پریت کا جس میں جادو ڈالا ہو
کورس:۔
او...... او......
نیلا ہو نہ لال، کبھی نہ پیلا نہ کالا ہو
ایسا ہو وہ رنگ پریت کا جس میں جادو ڈالا ہو
تلوتما:۔ آج کھیلنے پریت کی ہولی آئی۔ رے باوریا
کورس لڑکیاں:۔ پیار کے رنگ میں....
کورس لڑکے:۔ کھیل نہ دل کی ہولی....

تلوتما:۔ پیار کے رنگ میں.....
رنگ ہو دِل کے ارمانوں کا، نیَنوں کی پچکاری ہو
کورس:۔ او.... او....
تلوتما:۔ دیکھ چُنریا میری سیّاں واری دُہناساری ہو
کورس:۔ او.... او....
تلوتما:۔ ہولی کے دِن بات میری یہ مان لے سانوریا
پیار کے رنگ میں....
کورس:۔ کھیل نہ دِل کی ہولی....
تلوتما:۔ پیار کے رنگ میں.....
کورس لڑکیاں:۔ پیار کے رنگ میں....
کورس لڑکے:۔ کھیل نہ دِل کی ہولی....
گانا ملکہ:۔ کیسے میں آؤں پیا پاس تمہارے
چاند بھی ہے بیری میرا، تیرہ نہ نہائے تیرا۔ راہ نہ دکھائیں یہ ستارے
کیسے میں آؤں پیا پاس تمہارے
انکھیوں میں آنسو دیپ جلاؤں میں۔ پھر بھی بالم تیری راہ نہ پاؤں میں
سیّاں تُو بتا دے کہاں درد کے مارے ـــــ کیسے میں جاؤں....
کون گھڑی او نِیّاں لاگے نیَنوں سے نین رے۔ بھول کے نہ پایا میری بیتنے چین رے
دو دِن ملن کے نہ ساتھ گزارے ـــــ کیسے میں جاؤں....
بادل لائے تیری دِل گھبرائے رے۔ دیکھا کیلی موہے رات ڈرائے رے
نِت تڑپ پیا تجھے کو پکارے۔ کیسے میں آؤں پیا پاس تمہارے
چاند بھی ہے بیری میرا۔ نیہ نہ نہائے تیرا
راہ نہ دِکھائیں یہ ستارے ـــــ کیسے میں آؤں....

گانا نمبر ۵:۔ کورس:۔ آ ہے ۔ شیلا:۔ آ ۔ آ ۔۔۔۔

رات اندھیری ڈر لاگے، آ مل موہے چھوڑ نہ جانا جی

دیکھو جی، دیکھو مورے نینیاں کہ دل میرا توڑ نہ جانا جی ۔ کورس:۔ آ ۔ آ ۔۔۔

شیلا:۔ بیکے نہ جانا میرے دل کا قرار ۔ تو ہے میری بہار میرا کتنا ہے پیار

میں نے کیا ہے دل تیرے حوالے ۔ مجھے اپنا بنا لے سن میری پکار

او مورے سیاں پیروں میں تورے پیاں ــ موہے چھوڑ نہ جانا جی۔۔۔۔

کورس:۔ رات اندھیری ڈر لاگے ۔۔۔۔۔ دیکھو جی دیکھو ۔۔۔۔۔ آ ۔ آ ۔۔۔

شیلا:۔ مانو جی مانو پیا، دیکھو ادھر ۔ اک میٹھی نظر میرے جانِ جگر

کاری کجراری رات جیا مورا ڈر لاگے ۔ موہے نندیا آئے بولو جاؤں کدھر

او مورے راجہ، قسم میری آجا ــ موہے چھوڑ نہ جانا۔۔۔

کورس:۔ رات اندھیری ڈر لاگے ۔۔۔۔۔ دیکھو جی دیکھو۔۔۔

شیلا:۔ جی ۔۔۔ ای ۔۔۔ ای ــــ کورس:۔ رات اندھیری۔۔

گانا نمبر ۶:۔ تیرا پیار نہ تھا تو کیوں چھیڑ ہوتے ۔ سدا ہی تو کہ ہم آزردہ کئے ہوتے

ملا تھا ایک ہی دل، وہ بھی دے دیا تجھ کو ۔ ہزار دل بھی جو ہوتے تیرے لیے ہوتے

میری مجبوریوں پہ جہاں چپ رہا ۔ یہ زمیں چپ رہی آسماں چپ رہا

وقت پہ کام آئی نہ اپنی زباں ۔ کون کہتا میرے درد کی داستاں

ہمسفر چپ رہے، کارواں چپ رہے ــــ یہ زمیں چپ رہی۔۔۔۔

کیوں نہ اترائے منزل جاہ کی ۔ نہ کہیں سلسلے نقش کہیں راہ کی

میرے قدموں کا ایک ایک نشاں چپ رہا ــــ یہ زمیں چپ رہی۔۔۔۔

جب محبت کی دنیا لٹائی گئی ۔ آسماں تک بھی میری دہائی گئی

میں رہا لٹ کے میرا رازداں چپ رہا ۔ میری مجبوریوں پہ۔۔۔۔ یہ زمیں چپ۔۔

گانا نمبر ۷:۔ چاند نکلے گا جدھر ہم نہ ادھر دیکھیں گے

جاگتے سوتے تیری راہ گزر دیکھیں گے ــــ چاند۔۔